**جواب:** یہ پاکستان کی دوسری اہم بڑی بندرگاہ ہے جو پاکستان اسٹیل ملز کے نزدیک ہی بنائی گئی ہے، تاکہ سٹیل ملز کی ضرورت کی تکمیل میں آسانی رہے۔بن قاسم بندرگاہ پر خام ہوے اور کوئلے کے لیے خاص ٹرمینل تعمیر کیے گئے ہیں جو سٹیل مل کی خاطر بنائے گئے ہیں، جہاں بیرونی ممالک سے سٹیل مل کے لیے آنے والا خام لوہا اور کوئلہ اتارا جاتا ہے۔

**.Appreciate economic growth**

**سوال211: معاشی ترقی کی تعریف کریں۔**

M QADIR RAFIQUE

**A:** Graham Bank (Graham Bannock) "Economic growth is the name of such a continuous process in the productivity of the economy. As a result, the national income increases. ‘‘

ج: گراہم بینک (Graham Bannock) کے الفاظ میں "معاشی ترقی معیشت کی پیداواری صلاحیت میں ایسے لگاتار عمل کا نام ہے۔ جس کے نتیجے میں قومی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہو۔"

**What is the main reason for the decline in foreign investment in Pakistan?**

**سوال212: پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی اہم وجہ کیا ہے؟**

**A: The** main reasons for lack of investment in Pakistan are as follows:

- The 1998 nuclear explosions
- The curse of terrorism
- Lack of consistency in government policies
- Load shedding problems
- Rising inflation and uncertainty

ج: پاکستان میں سرمایہ کاری کی کمی کی اہم وجوہات درج ذیل ہیں:

- 1998 میں ہونے والے ایٹمی دھماکے
- دہشت گردی کی لعنت
- حکومتی پالیسیوں میں تسلسل کا فقدان
- لوڈشیڈنگ کے مسائل
- افراطِ زر میں اضافہ اور غیر یقینی صورتِ حال

**?What do you mean by manpower**

**سوال213: افرادی قوت سے کیا مراد ہے؟اس میں کون سے لوگ شامل ہوتے ہیں؟**

**A:** Manpower or workforce refers to those who are 16 years of age or older who are able to earn. These include both employed and unemployed people.

All the earning people, all the unemployed, part-time workers and salaried people are involved. That is, they are the people who provide goods and services to the economy.

ج: افرادی قوت یا ورک فورس سے مراد سولہ سال یا اس سے زیادہ عمر کے وہ افراد ہیں جو کمانے کے اہل ہوں۔ ان میں برسرِ روزگار اور بیروزگار دونوں طرح کے افراد شامل ہوتے ہیں۔

سارے کمانے والے لوگ، تمام بیروزگار، پارٹ ٹائم ورکر اور تنخواہ دار لوگ اس میں شامل ہوتے ہیں۔ یعنی یہ وہ لوگ ہیں جو معیشت کو قابلِ فروخ اشیاء و خدمات مہیا کرتے ہیں۔

**?What do you mean by defense industry**

**سوال214: دفاعی صنعت سے کیا مراد ہے؟**

**A:** The development of the defense industry plays an important role in strengthening the defense of the country. The development of the defense industry accelerates economic activity. Pakistan's defense industry is very old and important, it produces arms, ammunition and other defense equipment according to the country's needs. in it.

- Heavy Mechanical Complex Taxila
- Pakistan Ordnance Factories Wah Cantt
- Heavy Industries Taxila Includes

ج: دفاعی صنعت کی ترقی ملک کے دفاع کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ دفاعی صنعت کی ترقی سے معاشی سرگرمیوں میں تیزی آتی ہے۔ پاکستان کی دفاعی صنعت بڑی پرانی اور اہم ہے یہ ملکی ضروریات کے مطابق اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر دفاعی سامان تیار کرتی ہے۔ اس میں

- ہیوی میکینکل کمپلیکس ٹیکسلا
- پاکستان آرڈیننس فیکٹریز واہ کینٹ
- ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا شامل ہیں

**.Write the names of the five contacts of Pakistan**

**سوال215: پاکستان کی پانچ رابطہ انہار کے نام لکھیں۔**

**A:** **Contact Anhar**

Following are pakistan's main connectivity points:

- The Rasool. Qadirabad
- Qadirabad. Bloki
- Bloki. Sulaimanki
- Tarim. Sidhanai

ج: **رابطہ انہار**

پاکستان کی اہم رابطہ انہار درج ذیل ہیں:

- رسول۔ قادر آباد
- قادر آباد۔ بلوکی
- بلوکی۔ سلیمانکی
- تریموں۔ سدھنائی

M QADIR RAFIQUE

- Tunsa. panjand

- تونسہ۔ پنجند

**What do you mean by population?**

**سوال216: آبادی سے کیا مراد ہے؟**

Answer: The number of people in a country, region or place is called population. If there are 4 people living in your house then the population of your house will consist of 4 people. The population of a rural area can be a few hundred and the population of a city can be thousands or millions of people. The population includes children, the elderly, men and women.

جواب: کسی ملک، علاقے یا جگہ پر موجود لوگوں کی تعداد کو آبادی کہتے ہیں۔ اگر آپ کے گھر میں ۴ افراد رہتے ہیں تو آپ کے گھر کی آبادی ۴ افرد پر مشتمل ہوگی۔ ایک دیہاتی علاقے کی آبادی چند سو اور ایک شہر کی آبادی ہزاروں یا لاکھوں افراد پر مشتمل ہو سکتی ہے۔ آبادی میں بچے، بوڑھے، مرد اور خواتین سب شامل ہوتے ہیں۔

**What do you mean by census?**

**سوال217: مردم شماری سے کیا مراد ہے؟**

Answer: For meaningful planning, it is very important to know about various aspects of the population, such as: total population and its regional distribution, growth rate, population per kilometer, urban-rural population ratio, quality of education and training, and famous occupations of the people, etc. The process of knowing these population data is called the census. The census takes place every 10 years. The first census in the subcontinent It happened in 1881. The first census in Pakistan was conducted in 1951, while the sixth census was conducted in 2017.

جواب: بامقصد منصوبہ بندی کے لیے آبادی کے مختلف پہلوؤں، مثلاً: کل آبادی اور اس کی علاقائی تقسیم، شرح افزائش، فی کلومیٹر آبادی، شہری و دیہاتی آبادی کا تناسب، تعلیم و تربیت کا معیار اور لوگوں کے مشہور پیشے وغیرہ کے متعلق جاننا بہت ضروری ہے۔ آبادی کے ان کوائف کو جاننے کے عمل کو مردم شماری کہتے ہیں۔ مردم شماری ہر دس سال بعد ہوتی ہے۔ برصغیر میں پہلی مردم شماری 1881ء میں ہوئی۔ پاکستان میں پہلی مردم شماری 1951ء، جب کہ چھٹی مردم شماری 2017ء میں ہوئی۔

**What is meant by the division of rural and urban population?**

**سوال218: دیہی اور شہری آبادی کی تقسیم سے کیا مراد ہے؟**

Answer: About one-third of the total population of Pakistan lives in cities. Pakistan Economic Survey According to 2019-20, there are about 78 million people living in urban areas of Pakistan while the remaining 133 million are living in rural areas.

جواب: پاکستان میں کل آبادی کا قریباً ایک تہائی شہروں میں آباد ہے۔ پاکستان اکنامک سروے 2019-20ء کے مطابق پاکستان کے شہری علاقوں میں قریباً 78 ملین افراد آباد ہیں جبکہ باقی 133 ملین دیہی علاقوں میں آباد ہیں۔

**What do you mean by urban areas?**

**سوال219: شہری علاقوں سے کیا مراد ہے؟**

Answer: Urban areas refer to areas that are managed by the Metropolitan Corporation, Municipal Corporation, Municipal Committee, Town Committee or Cantonment Board. (Cantonment Board) runs under etc.

جواب: شہری علاقوں سے مراد وہ علاقے ہیں جن کا نظم و نسق میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، ٹاؤن کمیٹی یا کنٹونمنٹ بورڈ (Cantonment Board) وغیرہ کے تحت چلتا ہے۔

**What is meant by population density?**

**سوال220: آبادی کی گنجانیت سے کیا مراد ہے؟**

Answer: Population density refers to the average number of people living in an area of one square kilometer. According to the 2017 census, Pakistan's population density was 261 people per square kilometer.

جواب: آبادی کی گنجانیت سے مراد ہے کہ ایک مربع کلومیٹر رقبے میں اوسطاً کتنے افراد رہتے ہیں۔ 2017ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کی آبادی کی گنجانیت 261 افراد فی مربع کلو میٹر تھی۔

**Define gender discrimination.**

**سوال221: صنفی امتیاز کی تعریف کریں۔**

Answer: In human society, gender discrimination between men and women is called gender discrimination. Nature created different roles

جواب: انسانی معاشرے میں عورت اور مرد میں جنس کی بنیاد پر تفریق کرنا صنفی امتیاز کہلاتا ہے۔ قدرت نے مرد خواتین کے الگ الگ کردار بنائے، جس کا بنیادی مقصد نسلِ انسانی کو

M QADIR RAFIQUE

of men and women, the main purpose of which was to advance the human race. To grow and move forward is included in the attribute of man. Customs change with time.

آگے بڑھانا تھا۔ترقی کرنا اور آگے بڑھنا انسان کی صفت میں شامل ہے۔وقت کے ساتھ ساتھ رسم ورواج بدلتے رہتے ہیں۔

**What do you mean by society?**

**سوال222: معاشرے سے کیا مراد ہے؟**

Answer: Society is a translation of the English word society, derived from the Latin word "society", which means "companion". As if society refers to a group or group of colleagues. A group of individuals who are living for certain purposes is called society. While living within the society, individuals have to maintain interpersonal relationships. Society is not made up of one individual, but it consists of a large group of individuals.

جواب: معاشرہ انگریزی زبان کے لفظ سوسائٹی کا ترجمہ ہے جو لاطینی زبان کے لفظ سوسشش سے اخز کیا گیا ہے، جس کے معنی "ساتھی" کے ہیں۔ گویا معاشرے سے مراد ساتھیوں کا گروہ یا مجموعہ ہے۔افراد کا وہ مجموعہ جو چند مقاصد کی خاطر زندگی بسر کر رہا ہو، معاشرہ کہلاتا ہے۔معاشرے کے اندر رہتے ہوئے افراد کو باہمی تعلقات رکھنا پڑتے ہیں۔معاشرہ ایک فرد پر مشتمل نہیں ہوتا، بلکہ وہ افراد کے ایک بڑے گروہ پر مشتمل ہوتا ہے۔

**What do you mean by culture?**

**سوال223: ثقافت سے کیا مراد ہے؟**

Answer: Culture is the name of the beliefs, lifestyle, customs, language and traditions of the person living in a place. Culture includes all the beliefs, laws, customs, traditions, sciences and habits, etc., which man adopts as an individual of the society. Pakistani culture reflects Islamic culture. Although there are people speaking different languages in Pakistan, they still have a common culture due to being tied to salam, in which Islamic color is prominent.

جواب: ثقافت کسی جگہ پر مقیم افرد کے مشترکہ عقائد، انداز رہن سہن، رسم ورواج ، زبان اور روایات کا نام ہے۔ ثقافت میں وہ تمام عقائد، قوانین، رسم ورواج، روایات، علوم وفنون اور عادات وغیرہ شامل ہیں، جن کو انسان معاشرے کے ایک فرد کے طور پر اپناتا ہے۔ پاکستانی ثقافت اسلامی شعائر کی عکاسی کرتی ہے۔ پاکستان میں اگرچہ مختلف زبانیں بولنے والے لوگ آباد ہیں، مگر اس کے باوجود سلام کے بندھن میں بندھے ہونے کے باعث وہ ایک مشترکہ ثقافت کے مالک ہیں، جس میں اسلامی رنگ نمایاں ہے۔

**Write short notes on the shared family system.**

**سوال224: مشترکہ خاندانی نظام پر مختصر نوٹ لکھیں۔**

Answer: Pakistan as a whole has a joint family system. The head of the family is a man, who is responsible for supporting his family. The housewife takes care of the house and children and takes care of the household. Elders are treated with great respect at home and are served as a religious and moral duty.

جواب: پاکستان میں بحیثیت مجموعی مشترکہ خاندانی نظام رائج ہے۔ خاندان کا سربراہ مرد ہے، جو اپنے خاندان کی کفالت کا ذمہ دار ہے۔ خاتونِ خانہ، گھر اور بچوں کی دیکھ بھال کرتی اور امورِ خانہ داری سنبھالتی ہے۔بزرگوں کو گھر میں نہایت عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور ان کی خدمت مذہبی اور اخلاقی فریضہ سمجھ کر کی جاتی ہے۔

**What religious festivals are celebrated in Pakistan?**

**سوال225: پاکستان میں کون سے مذہبی تہوار منائے جاتے ہیں؟**

Answer: The major religious festivals of Pakistan are as follows:

- Eid al-Fitr (1st of Shawwal)
- Eid al-Adha (10 Dhul-Hijjah)
- Eid Milad al-Nabi (12th Rabi' al-Awwal)
- Miraj of the Prophet, may God bless him and grant him peace (27 Rajab)
- Shab-e-Barat (15th of Sha'ban)
- Youm-e-Ashur (10th Muharram)

جواب: پاکستان کے اہم مذہبی تہوار درج ذیل ہیں:

- عیدالفطر (یکم شوال)
- عیدالاضحیٰ (10 ذی الحج)
- عید میلادالنبی ﷺ (12 ربیع الاول)
- معراج النبی ﷺ (27 رجب)
- شب برات (15 شعبان)
- یوم عاشور (10 محرم)

**What are the clothes and food of Pakistan?**

**سوال226: پاکستان کا لباس اور خوراک کون سے ہیں؟**

M QADIR RAFIQUE

Answer: The majority of Pakistanis prefer to wear simple but clean and dignified clothes. The national dress of Pakistan is salwar kameez. This dress is equally popular among men and women in every region with little variation and difference. Vests, caps, turbans and turbans are part of men's clothing in different areas. Women use dupatta, chaddar and abaya etc. with salwar kameez.

Food: Wheat and corn bread, saag, rice, meat, pulses, vegetables and dry and fresh fruits are the main food of the people here.

جواب: لباس: پاکستانیوں کی اکثریت سادہ مگر صاف ستھرا اور باوقار لباس پہننے کو ترجیح دیتی ہے۔ پاکستان کا قومی لباس شلوار قمیص ہے۔ یہ لباس تھوڑے بہت ردوبدل اور فرق کے ساتھ ہر علاقے میں مردوں اور عورتوں میں یکساں مقبول ہے۔ واسکٹ، ٹوپی، اجرک اور پگڑی وغیرہ مختلف علاقوں میں مردوں کے لباس کا حصّہ ہیں۔ خواتین شلوار قمیص کے ساتھ دوپٹہ، چادر اور عبایا وغیرہ کا استعمال کرتی ہیں۔

خوراک: گندم اور مکئی کی روٹی، ساگ، چاول، گوشت، دالیں، سبزی اور خشک و تازہ پھل یہاں کے لوگوں کی اہم خوراک ہیں۔

**What festivals and urs are held in Pakistan?**

Answer: In Pakistan, annual fairs are held according to the seasons, on the occasion of harvest and on the occasion of the Urs of the elders. Among them, Hazrat Ali Hajveri alias Data Ganj Bakhsh, Hazrat Shah Inayat Qadri, Hazrat Baba Bulleh Shah, Hazrat Fariduddin Ganj Shakar, Hazrat Shah Rukn Alam Multani, Hazrat Bahauddin Zakaria Multani, Hazrat Madhavlal Hussain Shah (Mela Chiragan), Hazrat Sakhi Sidan Shah Shirazi, Hazrat Sachal Sarmast, Hazrat Lal Shahbaz Qalandar, Shah Abdul Latif Bhittai, Hazrat Pir Meher Ali Shah, Hazrat Sakhi Sarwar And sibi ka mela etc. are especially noteworthy.

**سوال227: پاکستان میں کون کون سے میلے اور عُرس لگتے ہیں؟**

جواب: پاکستان میں موسموں کی مناسبت سے، فصلوں کی کٹائی کے موقع پر اور بزرگانِ دین کے عرس کے موقعوں پر سالانہ میلے لگتے ہیں۔ ان میں حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ، حضرت شاہ عنایت قادریؒ، حضرت بابا بلھے شاہؒ، حضرت فریدالدین گنج شکرؒ، حضرت شاہ رکن عالم ملتانیؒ، حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ، حضرت مادھولال حسین شاہؒ (میلا چراغاں)، حضرت سخی سیدن شاہ شیرازیؒ، حضرت سچل سرمستؒ، حضرت لعل شہباز قلندرؒ، شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ، حضرت پیر مہر علی شاہؒ، حضرت سخی سرورؒ، حضرت خواجہ غلام فریدؒ، حضرت سلطان باہوؒ اور بہت سے دیگر بزرگانِ دین کے عرس اور سبی کا میلا وغیرہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

**What are the important games of Pakistan?**

Answer: The main sports of Pakistan are as follows:

- hockey
- cricket
- Kabaddi
- Skash
- snooker
- table tennis
- polo

**سوال228: پاکستان کے اہم کے کھیل کون کون سے ہیں؟**

جواب: پاکستان کے اہم کھیل درج ذیل ہیں:

- ہاکی
- کرکٹ
- کبڈی
- سکاش
- سنوکر
- ٹیبل ٹینس
- پولو

**Write short notes on Pakistan's architecture and painting.**

Answer: In the style of construction, Badshahi Mosque, Shala Marbagh, Shahi Qila, Tomb Jahangir and Haran Minar etc. are reminiscent of the greatness of Muslims. Fasal Mosque, Minar-e-Pakistan and Mazar-e-Quaid are symbols of our present-day cultural heritage. Painting is also a hallmark of our culture. Abdul Rehman Chughtai, Ejaz Anwar, Ustad Allah Bakhsh, Sadiqin, Jamil Naqsh and Ismail Gulji are famous painters of Pakistan.

**سوال229: پاکستان کی طرزِ تعمیر اور مصوری پر مختصر نوٹ لکھیں۔**

جواب: طرزِ تعمیر میں بادشاہی مسجد، شالامار باغ، شاہی قلعہ، مقبرہ جہانگیر اور ہرن مینار وغیرہ مسلمانوں کی عظمتِ رفتہ کی یاد دلاتے ہیں۔ فُصل مسجد، مینارِ پاکستان اور مزارِ قائد ہمارے موجودہ دور کے ثقافتہ وَرثے کی علامات ہیں۔ مصوّری بھی ہماری ثقافت کی پہچان ہے۔ عبدالرحمٰن چغتائی، اعجاز انور، استاد اللہ بخش، صادقین، جمیل نقش اور اسماعیل گل جی پاکستان کے مشہور مصوّر ہیں۔

M QADIR RAFIQUE

**Write the names of modern poets.**

سوال230: **جدید دور کے شعراء کے نام تحریر کریں۔**

Answer: The names of modern poets are as follows:

- N.M. Rashid
- Majid Amjad
- Naser Kazemi
- Faiz Ahmad Faiz
- Ahmed Faraz
- Ahmed Nadeem Qasmi
- Munir Niazi

جواب: جدید دور کے شعراء کے نام درج ذیل ہیں:

- ن م راشد
- مجید امجد
- ناصر کاظمی
- فیض احمد فیض
- احمد فراز
- احمد ندیم قاسمی
- منیر نیازی

**Explain the problems of Pakistani society.**

سوال231: **پاکستانی معاشرے کے مسائل بتائیں۔**

Answer: The main problems of Pakistani society are as follows:

- Poverty and unemployment
- Low literacy rate
- Health issues
- Increase in population rate

جواب: پاکستانی معاشرے کے اہم مسائل درج ذیل ہیں:

- غربت اور بیروزگاری
- کم شرح خواندگی
- صحت کے مسائل
- آبادی کی شرح میں اضافہ

**What problems do poverty and unemployment cause?**

سوال232: **غربت اور بیروزگاری کی وجہ سے کون سے مسائل جنم لیتے ہیں؟**

Answer: Poverty and unemployment cause the following problems:

- Poverty and unemployment create unrest among people.
- Crimes arise.
- Terrorism is on the rise.
- Per capita income decreases.
- The development of the country stops.

جواب: غربت اور بیروزگاری کی وجہ سے درج ذیل مسائل جنم لیتے ہیں:

- غربت اور بیروزگاری سے لوگوں میں بے چینی پیدا ہوتی ہے۔
- جرائم جنم لیتے ہیں۔
- دہشت گردی میں اضافہ ہوتا ہے۔
- فی کس آمدنی میں کمی ہوتی ہے۔
- ملکی کی ترقی رُک جاتی ہے۔

**What steps should be taken to eradicate poverty and unemployment?**

سوال233: **غربت اور بیروزگاری کے خاتمے کے لیے کون سے اقدامات لینے چاہیے؟**

Answer: To solve the problem of poverty and unemployment, it is necessary to:

- Domestic and private industries should be encouraged at the government level.
- New employment opportunities should be created.
- Loans should be given to the poor on easy terms so that they can start their own business.

جواب: غربت اور بیروزگاری کے مسئلے کے حل کے لیے ضروری ہے کہ:

- حکومتی سطح پر گھریلو اور نجی صنعتوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- روزگار کے لیے نئے مواقع پیدا کیے جائیں۔
- غریبوں کو آسان شرائط پر قرضے دیے جائیں تاکہ وہ اپنا کاروبار شروع کر سکیں۔

**What is meant by early childhood education and care and primary education?**

سوال234: **ابتدائے بچپن کی تعلیم اور نگہداشت اور پرائمری تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

Answer: Pre-class education early childhood education and care (Early Childood Care and Education-ECCE) it is called.

جواب: جماعت اوّل سے پہلے کی تعلیم کو ابتدائے بچپن کی تعلیم اور نگہداشت (Early Childood Care and Education-ECCE) کہا جاتا ہے۔

M QADIR RAFIQUE

Primary Education: Primary education is from class 1 to 5, which is given in primary schools.

پرائمری تعلیم: پرائمری تعلیم جماعت اوّل سے پنجم تک ہے جو پرائمری سکولوں میں دی جاتی ہے۔

**What do you mean by secondary and higher secondary education?**

**سوال235: ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

Answer: Secondary education is up to 9th and 10th grade. The secondary education course is of two years.

جواب: ثانوی تعلیم نہم اور دہم جماعت تک ہے۔ ثانوی تعلیم کا کورس دو سال کا ہے۔

Higher Secondary Education:

اعلیٰ ثانوی تعلیم:

Higher secondary education consists of classes XI and XII. The higher secondary education course is of two years in which arts, science, commerce and other subjects are taught.

اعلیٰ ثانوی تعلیم گیارہویں اور بارہویں جماعتوں پر مشتمل ہے۔ اعلیٰ ثانوی تعلیم کا کورس دو سال کا ہے جس میں آرٹس، سائنس، کامرس اور دیگر مضامین کی تعلیم دی جاتی ہے۔

Exams:

امتحانات:

Secondary and Higher Education Boards conduct examinations for classes 9 to 12.

نویں سے بارہویں جماعت کے امتحانات ثانوی و اعلیٰ تعلیمی بورڈ منعقد کراتے ہیں۔

**What do you mean by university education?**

**سوال236: یونیورسٹی کی تعلیم سے کیا مراد ہے؟**

Answer: After higher secondary education, university education starts, for which many universities are established in the country. Apart from universities, higher education is also imparted in colleges.

جواب: اعلیٰ ثانوی تعلیم کے بعد یونیورسٹی کی تعلیم شروع ہو جاتی ہے جس کے لیے ملک میں کئی یونیورسٹیاں قائم ہیں۔ یونیورسٹیوں کے علاوہ کالجوں میں بھی اعلیٰ تعلیم دی جاتی ہے۔

**Describe the types of university education.**

**سوال237: یونیورسٹی تعلیم کی اقسام بیان کریں۔**

Answer: There are many types of university education. This education consists of BS and MS etc. MPhil in every subject in the field of higher education (M Phil) and Ph.D. (PhD) Research education is also provided at the level.

جواب: یونیورسٹی تعیم کی کئی اقسام ہیں۔ یہ تعلیم بی ایس اور ایم ایس وغیرہ پر مشتمل ہے۔ اعلیٰ تعلیم کے میدان میں ہر مضمون میں ایم فل (M Phil) اور پی ایچ ڈی (PhD) کی سطح پر تحقیقی تعلیم بھی مہیا کی جاتی ہے۔

Medical and Engineering Education:

میڈیکل اور انجینئرنگ کی تعلیم:

For education like medical and engineering, students have to take admission in medical colleges and engineering universities.

میڈیکل اور انجینئرنگ جیسی تعلیم کے لیے طلباء کو میڈیکل کالجوں اور انجینئرنگ یونیورسٹیوں میں داخلہ لینا پڑتا ہے۔

Vocational Educational Institutions:

پیشہ وارانہ تعلیمی ادارے:

Professional educational institutions are also established to study law, business, agriculture and other technical sciences.

قانون، بزنس، زراعت اور دیگر فنی علوم کی تعلیم کے حصول کے لیے پیشہ وارانہ تعلیمی ادارے بھی قائم ہیں۔

**Write suggestions for solving educational problems in Pakistan.**

**سوال238: پاکستان میں تعلیمی مسائل کے حل کے لیے تجاویز تحریر کریں۔**

Answer: The following are the suggestions to solve the educational problems in Pakistan:

- The budget allocated for education should be increased every year.
- All middle schools should be given the status of high and high schools as higher secondary schools.
- The minimum education of primary teachers should be graduation.

جواب: پاکستان میں تعلیمی مسائل کے حل کے لیے تجاویز درج ذیل ہیں:

- تعلیم کے لیے مختص بجٹ میں ہر سال اضافہ کیا جائے۔
- تمام مڈل سکولوں کو ہائی اور ہائی سکولوں کو ہائر سیکنڈری سکولوں کا درجہ دیا جائے۔
- پرائمری کے اساتذہ کی کم از کم تعلیم گریجوایشن ہو۔

M QADIR RAFIQUE

- The science and technology curriculum should be restructured. Technical and technical subjects should be included in the curriculum.

- سائنس اور ٹیکنالوجی کے نصاب کی تشکیل نو کی جائے۔ نصاب میں فنی اور ٹیکنکل مضامین شامل کیے جائیں۔

**What educational problems are there in Pakistan?**

**سوال239: پاکستان میں کون کون سے تعلیمی مسائل درپیش ہیں؟**

Answer: Pakistan faces the following problems in the field of education:

- Low literacy rate
- Poor Examination System
- Limited educational issues
- Lack of teachers
- Lack of technical and technical subjects in the curriculum

جواب: شعبہ تعلیم میں پاکستان کو درج ذیل مسائل کا سامنا ہے:

- کم شرح خواندگی
- ناقص امتحانی نظام
- محدود تعلیمی مسائل
- اساتذہ کی کمی
- نصاب میں فنی اور تکنیکی مضامین کا فقدان

**Describe the problems faced by the health sector in Pakistan.**

**سوال240: پاکستان میں صحت کے شعبے کو درپیش مسائل بیان کریں۔**

Answer: The health sector in Pakistan faces the following problems:

- Lack of medical facilities
- inflationary population
- Many diseases
- Ignorance of hygiene principles
- Unbalanced diet etc.

جواب: پاکستان میں صحت کے شعبے کو درج ذیل مسائل کا سامنا ہے:

- طبّی سہولیات کا فقدان
- افراطِ آبادی
- کثرتِ امراض
- حفظانِ صحت کے اصولوں سے ناواقفیت
- غیر متوازن غذا وغیرہ

**What steps have been taken by the Government of Pakistan to improve health?**

**سوال241: حکومت پاکستان کی طرف سے صحت کی بہتری کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟**

Answer: The steps taken by the Government of Pakistan to improve health are as follows:

- Establishment of hospitals
- Establishment of Medical Colleges
- Medical Post Graduation Facilities in Pakistan
- Prevention of Diseases
- Computer management in teaching hospitals

جواب: حکومت پاکستان کی طرف سے صحت کی بہتری کے لیے اقدامات درج ذیل ہیں:

- ہسپتالوں کا قیام
- میڈیکل کالجوں کا قیام
- پاکستان میں میڈیکل پوسٹ گریجوایشن کی سہولتیں
- بیماریوں کی روک تھام
- تدریسی ہسپتالوں میں کمپیوٹر کا بندوبست

**Write down the names of tourist places full of natural scenery in Pakistan.**

**سوال242: پاکستان میں قدرتی مناظر سے بھرپور سیاحتی مقامات کے نام لکھیں۔**

Answer: The tourist places full of natural scenery in Pakistan are as follows:

- Hunza Valley, Devsai Plains (Baltistan)
- Naltarwady (Gilgit)
- Ferry Meadows
- Nanga Parbat and K2 (K-2) Base Camp
- Kailash Valley

جواب: پاکستان میں قدرتی مناظر سے بھرپور سیاحتی مقامات درج ذیل ہیں:

- وادی ہنزہ، دیوسائی کے میدان (بلتستان)
- نلتر وادی (گلگت)
- فیری میڈوز
- نانگا پربت اور کے ٹو (K-2) بیس کیمپ
- وادی کیلاش

M QADIR RAFIQUE

- Swat Valley
- Kaghan and Naran, Nathia Gali, Thandiani, Murree, Kotli Satian, Valley Son Seksar, Mount Sulaiman, Chaman, Ziarat, Gwadar, Beach Karachi and Balochistan etc.

- وادی سوات
- کاغان اور ناران، نتھیا گلی، ٹھنڈیانی، مری، کوٹلی ستیاں، وادی سون سکیسر، کوہِ سلیمان، چمن، زیارت، گوادر، ساحل سمندر کراچی اور بلوچستان وغیرہ۔

**Write the names of religious tourist places in Pakistan.**

**سوال243: پاکستان میں مذہبی سیاحتی مقامات کے نام لکھیں۔**

Answer: Religious tourist places in Pakistan are as follows:

- Nangana Sahib
- Kartarpur Sahib (Narowal)
- Hassan Abdal
- lahore
- Multan

جواب: پاکستان میں مذہبی سیاحتی مقامات درج ذیل ہیں:

- ننگانہ صاحب
- کرتارپور صاحب (نارووال)
- حسن ابدال
- لاہور
- ملتان

**Write the names of important historical places related to tourism in Pakistan.**

**سوال244: پاکستان میں سیاحت کے حوالے سے اہم تاریخی مقامات کے نام لکھیں۔**

Answer: The main historical tourist places of Pakistan are as follows:

- clerkhar
- Royal Fort
- Shalamar Bagh
- Rohtas Fort
- Badshahi Mosque
- Masjid Mahabat Khan
- Ranikot Fort

جواب: پاکستان کے اہم تاریخی سیاحتی مقامات درج ذیل ہیں:

- کلر کہار
- شاہی قلعہ
- شالامار باغ
- قلعہ روہتاس
- بادشاہی مسجد
- مسجد مہابت خان
- رانی کوٹ قلعہ

**Describe the steps taken by the government to promote tourism in Pakistan.**

**سوال245: پاکستان میں سیاحت کو فروغ دینے کے لیے حکومتی اقدامات بیان کریں۔**

Answer: The Government of Pakistan has fully realized the importance of tourism and has initiated revolutionary steps in it.

- The Government of Pakistan has made a clear change in the Visa Policy for international tourists.
- In addition to making the deza process easier and faster, tourists from many countries have been issued visa facility at the airport.
- The MoUs reiterated that these countries will make joint efforts to promote bilateral tourism.
- The federal government has taken a number of steps to encourage the private sector.

جواب: حکومت پاکستان نے سیاحت کی اہمیت کا مکمل ادراک کرتے ہوئے اس میں انقلابی اقدامات کا آغاز کیا ہے۔

- حکومت پاکستان نے بین الاقوامی سیاحوں کے لیے ویزا پالیسی (Visa Policy) میں واضح تبدیلی کی ہے۔
- ویزا کے عمل کو آسان اور تیز بنانے کے ساتھ ساتھ بہت سے ممالک کے سیاحوں کو ائیرپورٹ پر ویزا کی سہولت کا اجراء کیا ہے۔
- مفاہمتی یادداشتوں میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا ہے کہ یہ ممالک باہمی سیاحت کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں کریں گے۔
- وفاقی حکومت نے نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کے لیے بہت سے اقدامات کیے ہیں۔

**What kind of evils are prevalent in human society today?**

**سوال246: آج انسانی معاشرے میں کس جیسی برائیاں مسلط ہیں؟**

M QADIR RAFIQUE

Answer: Today, evils such as terrorism, persecution, narrow-mindedness, oppression, extremism and extremism are imposed in human society and human society today is presenting a terrible picture of cruelty, murder and murder.

جواب: آج انسانی معاشرے میں دہشت گردی، تعسب، تنگ نظری، ظلم، شدت پسندی اور انتہاء پسندی جیسی برائیاں مسلط ہیں اور انسانی معاشرہ آج ظلم و بربریت، قتل و غارت کی بھیانک تصویر پیش کر رہا ہے۔

**Write the names of famous and great writers of Pakistan.**

**سوال247: پاکستان کے معروف اور بڑے ادیبوں کے نام لکھیں۔**

Answer: Prominent writers of Pakistan include Peter Bukhari, Mushtaq Ahmed Yusufi, Ghulam Abbas, Saadat Hasan Manto, Intezaar Hussain, Mukhtar Masood, Qudatullah Shahab, Mumtaz Mufti, Banu Qudsia and Ashfaq Ahmed.

جواب: پاکستان کے معروف اور بڑے ادیبوں میں پطرس بخاری، مشتاق احمد یوسفی، غلام عباس، سعادت حسن منٹو، انتظار حسین، مختار مسعود، قدرت اللہ شہاب، ممتاز مفتی، بانو قدسیہ اور اشفاق احمد وغیرہ شامل ہیں۔

**Why has the Federal Urdu University been established?**

**سوال248: وفاقی اردو یونیورسٹی کا قیام کیوں عمل میں لایا گیا ہے؟**

Answer: Federal Urdu University has been established for the development and promotion of Urdu language.

جواب: اردو زبان کی ترقی و ترویج کے لیے وفاقی اردو یونیورسٹی کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔

**Write down the names of different dialects of Punjabi language.**

**سوال249: پنجابی زبان کے مختلف لہجوں کے نام تحریر کریں۔**

Answer: The main accents of Punjabi language are as follows:

- majhi
- Pothwari
- Multani
- buttermilk
- Shahpuri
- rich

جواب: پنجابی زبان کے اہم لہجے درج ذیل ہیں:

- ماجھی
- پوٹھواری
- ملتانی
- چھاچھی
- شاہپوری
- دھنی

**Write down the names of important stories of Punjabi language.**

**سوال250: پنجابی زبان کے اہم قصوں کے نام لکھیں۔**

Answer: The main stories of Punjabi language are as follows:

- The story of Waris Shah.
- Story of Hazrat Mian Muhammad Bakhsh Saif-ul-Mulk.
- The story of Hashim Shah. Fazal Shah's Story Sohini Mahiwal
- Story of Hafiz Barkhudar Mirza Sahiban.

جواب: پنجابی زبان کے اہم قصے درج ذیل ہیں:

- وارث شاہ کا قصہ ہیر رانجھا۔
- حضرت میاں محمد بخش کا قصہ سیف الملوک۔
- ہاشم شاہ کا قصہ سسی پنوں۔ فضل شاہ کا قصہ سوہنی ماہیوال
- حافظ برخودار کا قصہ مرزا صاحباں۔

**Write the names of different sindhi language and famous poets.**

**سوال251: سندھی زبان کے مختلف لہجے اور مشہور شعراء کے نام تحریر کریں۔**

Answer: Ladi, Three, Fikri, Gandawi, Lassi and Vicholi are more famous in different accents of Sindhi language. The dialect of Sindhi spoken in southern Sindh is called Lari. Lhasa is spoken in Lasbela district of Balochistan. Vicholi is the accent of central Sindh. The language of standard Sindhi

جواب: سندھی زبان کے مختلف لہجوں میں لاڑی، تھری، فکری، گنداوی، لاسی اور وچولی زیادہ مشہور ہیں۔ جنوبی سندھ میں بولی جانے والی سندھی کا لہجہ لاری کہلاتا ہے۔ بلوچستان کے ضلع لسبیلہ میں لاسہ بولی جاتی ہے۔ وچولی وسطی سندھ کا لہجہ ہے۔ معیاری سندھی ادب کی زبان بھی وچولی سندھی ہے۔ تھر کے صحراؤں میں بولی جانے والی سندھی تھری کہلاتی ہے۔

M QADIR RAFIQUE

literature is also Vicholi Sindhi. Sindhi spoken in the deserts of Thar is called Three.

Shah Abdul Latif Bhittai (RA) and Sachal Sarmast (RA) are among the great poets of Sindhi language.

شاہ عبداللطیف بھٹائی رحمۃاللہ علیہ اور سچل سرمست رحمۃاللہ علیہ سندھی زبان کے عظیم شعراء میں سے ہیں۔

**What are the popular dialects of Pashto language?**

**سوال252: پشتو زبان کے مشہور لہجے کونسے ہیں؟**

Answer: There are basically two dialects of Pashto. The first is called the Western accent and the second the Eastern accent. There is a difference of a few words between these two accents.

جواب: بنیادی طور پر پشتو کے دو لہجے ہیں۔ پہلا مغربی لہجہ اور دوسرا مشرقی لہجہ کہلاتا ہے۔ ان دونوں لہجوں میں چند الفاظ کا فرق ہے۔

**Write the names of famous Pashto language poets.**

**سوال253: پشتو زبان کے مشہور شعراء کے نام تحریر کریں۔**

Answer: Famous Pashto language poets are as follows:

- Khushal Khan Khattak
- Rahman Baba
- Ameer crore
- Nurdin
- Mulla Maqsood

جواب: پشتو زبان کے مشہور شعراء درج ذیل ہیں:

- خوشحال خاں خٹک
- رحمان بابا
- امیر کروڑ
- نوردین
- ملا مقصود

**Write the names of modern-day Balochi poets.**

**سوال254: جدید دور کے بلوچی شعراء کے نام لکھیں۔**

Answer: The famous poets of Balochi language are as follows:

- Syed Zahoor Shah Hashmi
- Atashah
- Murad Sahir
- Mir Gul Khan Naseer
- Momen Buzdar

جواب: بلوچی زبان کے مشہور شعراء درج ذیل ہیں:

- سید ظہور شاہ ہاشمی
- عطاشاہ
- مراد ساحر
- میر گل خان نصیر
- مومن بزدار

**Describe the famous accents of Kashmiri language.**

**سوال255: کشمیری زبان کے مشہور لہجے بیان کریں۔**

Answer: The famous accents of Kashmiri language are as follows:

- Hindki
- Kammi
- Gandur

جواب: کشمیری زبان کے مشہور لہجے درج ذیل ہیں:

- ہندکی
- گامی
- گندور

Gandur is considered to be the standard literary accent and has special literary significance.

گندور کو معیاری ادبی لہجہ تصور کیا جاتا ہے اور اسے خصوصی ادبی اہمیت حاصل ہے۔

**Write the names of popular Poets of Saraiki language.**

**سوال256: سرائیکی زبان کے مقبول شعراء کے نام لکھیں۔**

Answer: Famous poets of Seraiki language are as follows:

- Shakir Shujaabadi
- Iqbal Sokri

جواب: سرائیکی زبان کے مشہور شعراء درج ذیل ہیں:

- شاکر شجاع آبادی
- اقبال سوکڑی

M QADIR RAFIQUE

- Ahmed Khan Tariq
- Aziz Shahid
- Rifaat Abbas

- احمد خان طارق
- عزیز شاہد
- رفعت عباس

**Write short notes on The Gojri language.**

**سوال257: گوجری زبان پر مختصر نوٹ لکھیں۔**

Answer: Gojri language is also one of the oldest languages of the subcontinent. From the 5th century AD to the 13th century AD, The Gujjar governments have existed in India. The Gojri language has been state-sponsored during this period. During the period of state patronage, writers and poets created Gojri literature, mostly sufi poetry.

جواب: گوجری زبان بھی برصغیر کی قدیم زبانوں میں سے ایک زبان ہے۔ پانچویں صدی عیسوی سے تیرھویں صدی عیسوی تک ہندوستان میں گوجر حکومتیں قائم رہی ہیں۔ اُس دور میں گوجری زبان کو سرکاری سرپرستی حاصل رہی ہے۔ سرکاری سرپرستی کے زمانے میں ادیبوں اور شاعروں نے گوجری اَدب تخلیق کیا، جس میں زیادہ تر صوفیانہ کلام ہے۔

**Write the names of famous poets of Gojri language.**

**سوال258: گوجری زبان کے مشہور شعراء کے نام لکھیں۔**

Answer: The names of famous poets of Gojri language are as follows:

- Hazrat Amir Khusro
- Shah Mera ji
- Amin Gujarati
- Sayyid Nur al-Din
- Burhanuddin Janam

جواب: گوجری زبان کے مشہور شعراء کے نام درج ذیل ہیں:

- حضرت امیر خسرو
- شاہ میرا جی
- امین گجراتی
- سید نورالدین
- برہان الدین جانم

**.Define poverty**

**سوال259: غربت کی تعریف کریں۔**

A:Poverty is the name of a condition or situation in which a person or community (Community) It does not even have the resources to maintain its minimum standard of living.

According to the United Nations, such people are the standard of living below the poverty line. Whose daily income is $ 1.9 or less.

ج: غربت ایک ایسی کیفیت یا صورت حال کا نام ہے، جس میں کسی شخص یا کمیونٹی (Community) کے پاس اتنے وسائل بھی نہیں ہوتے کہ جن سے وہ اپنا کم سے کم معیار زندگی برقرار رکھ سکے۔

اقوام متحدہ کے مطابق خطِ غربت سے نیچے زندگی بسر کرنے کا معیار ایسے لوگ ہیں۔ جن کی یومیہ آمدنی 1.9 ڈالر یا اس سے بھی کم ہے۔

**Explain the causes of poverty in Pakistan.**

**سوال260: پاکستان میں غربت کے اسباب بیان کریں۔**

A: The causes of poverty in Pakistan are as follows:

- Rapidly growing population.
- The energy crisis.
- Slow pace of economic growth.
- Decrease in internal and external investment.

ج: پاکستان میں غربت کے اسباب درج ذیل ہیں:

- تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی۔
- توانائی کا بحران۔
- معاشی ترقی کی سست رفتار۔
- اندرونی و بیرونی سرمایہ کاری میں کمی۔

**What are the effects of poverty on society?**

**سوال261: غربت کے معاشرے پر کیا اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔**

A: Poverty has the following effects on society:

Poverty has led to increased frustration and unrest.

- The pace of economic growth is slow.
- Pakistan's global reputation is being damaged.
- Life-threatening diseases are on the rise.

ج: غربت کے معاشرے پر درج ذیل اثرات مرتب ہو رہے ہیں:

- غربت کی وجہ سے مایوسی اور بدامنی میں اضافہ ہو رہا ہے۔
- معاشی ترقی کی رفتار سست ہے۔
- پاکستان کی عالمی ساکھ کو نقصان پہنچ رہا ہے۔
- جان لیوا امراض میں تیزی آ رہی ہے۔

M QADIR RAFIQUE

**Explain the government's measures to reduce poverty.**

سوال262: **غربت کی کمی کے لیے حکومتی اقدامات کی وضاحت کریں۔**

A: Government Actions

The government has taken the following steps to eradicate poverty:

- Creating new jobs in the annual development budget.
- Launch of youth loan schemes.
- Monthly stipend of deserving students through free books and scholarships in educational institutions for the promotion of education.
- Financial assistance to deserving persons and families from Baitul Maal and Zakat Fund.

ج: حکومتی اقدامات

غربت کے خاتمے کے لیے حکومت نے درج ذیل اقدامات کیے ہیں:

- سالانہ ترقیاتی بجٹ میں نئی ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنا۔
- نوجوانوں کے قرض لینے کی سکیموں کا اجرا۔
- تعلیم کے فروغ کے لیے تعلیمی اداروں میں مفت کتابوں اور وظائف کے ذریعے سے مستحق طلبہ کی ماہانہ امداد۔
- بیت المال اور زکوٰۃ فنڈ سے مستحق افراد اور گھرانوں کی مالی معاونت۔

**Explain the role of minorities in Pakistan's armed forces.**

سوال263: **پاکستان کی مسلح افواج میں اقلیتوں کے کردار کی وضاحت کریں۔**

A: Minorities also play a prominent role in Pakistan's armed forces. Rear Admiral Leslie, Major General Julian Peter, Major General Noel Khokhar, Brigadier Marvin, Squadron Leader Peter Christie, Air Commodore And Nazir Latif, Air Vice Marshal Eric Gordon, Group Captain Cecil Chaudhary, Air Commodore Verbalwant Kumar Das made great sacrifices for the defense of the country. Harcharan Singh is a current Sikh officer in the Pakistan Army.

ج: پاکستان کی مسلح افواج میں بھی اقلیتوں کا کردار نمایاں ہے۔ ریئر ایڈمرل لیسلے، میجر جنرل جولئین پیٹر، میجر جنرل نوئیل کھوکھر، برگیڈیئر ماروِن، سکواڈرن لیڈر پیٹر کرسٹی، ایئر کموڈور نذیر لطیف، ایئر وائس مارشل ایرک گورڈن، گروپ کیپٹن سیسل چودھری، ایئر کموڈور بلونت کمار داس نے دفاع وطن کے لیے عظیم قربانیاں دیں جن کے اعتراف کے طور پر انہیں فوجی اعزازات سے نوازا گیا۔ ہرچرن سنگھ پاک فوج میں شامل موجودہ سکھ افسر ہیں۔

**Explain the role of minorities in the field of politics.**

سوال264: **سیاست کے شعبہ میں اقلیتوں کے کردار کی وضاحت کریں۔**

A: In the field of politics, Akshay Kumar Das, Kamini Kumar Dutta, Derek Suprin, Basanta Kumar Das, Kamran Michael and Clement Shahbaz Bhatti, Darshan Lal have served in various positions, while Dr. Ramesh Kumar, Krishna Kumar Kohli and the first Sikh MP to be elected after the creation of Pakistan. (MPA) Sardar Ramesh Singh Arora and others are serving in various capacities.

ج: سیاست کے شعبہ میں اکشے کمار داس، کامنی کمار دتہ، ڈیرک سپرئین، بسانتا کمار داس، کامران مائیکل اور کلیمنٹ شہباز بھٹی، درشن لال مختلف عہدوں پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں جبکہ ڈاکٹر رمیش کمار، کرشنا کمار کوہلی اور قیام پاکستان کے بعد منتخب ہونے والے پہلے سکھ ایم پی اے (MPA) سردار رمیش سنگھ اروڑا اور دیگر مختلف عہدوں پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

**Explain the role of minorities in the health sector.**

سوال265: **صحت کے شعبے میں اقلیتوں کے کردار کی وضاحت کریں۔**

A: In the field of health, Dr. Ruth Faw dedicated her life to the elimination of bursa and leprosy. In recognition of his services, he was buried with state honours. Sister Ruth Lewis served the disabled for fifty years. Dr. Drago had a special reputation for treating poor people. Eye specialist Dr. Jaipal Chhabria has made important contributions in the field of vision.

ج: صحت کے شعبے میں ڈاکٹر روتھ فاؤ نے برص اور جذام کے خاتمے کے لیے اپنی زندگی وقف کر دی۔ ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کی تدفین سرکاری اعزاز کے ساتھ کی گئی۔ سسٹر روتھ لوئیس نے پچاس سال تک معذوروں کی خدمت کی۔ ڈاکٹر ڈریگو غریب لوگوں کے علاج کے لیے خصوصی شہرت رکھتے تھے۔ آئی اسپیشلسٹ ڈاکٹر جے پال چھابڑیا نے شعبہ بصارت میں اہم خدمات انجام دی ہیں۔

**Explain the role of minorities in the education sector.**

سوال266: **تعلیم کے شعبے میں اقلیتوں کے کردار کی وضاحت کریں۔**

M QADIR RAFIQUE

A: Nobel Laureate Dr. Abdus Salam, Bishop Anthony Lobo, Dr. Mira Fabulus, Roshan Khursheed Bharucha, Professor Kanhaiyalal Nagpal etc. have made important contributions in the field of education.

ج: تعلیم کے شعبہ میں نوبل انعام یافتہ ڈاکٹر عبدالسلام، بشپ انتھونی لوبو، ڈاکٹر میرا فیبلوس، روشن خورشید بھروچہ، پروفیسر کنہیالال ناگپال وغیرہ نے اہم خدمات انجام دی ہیں۔

**Write down five national educational issues.**

**سوال267: پانچ قومی تعلیمی مسائل تحریر کریں۔**

The main educational problems of Pakistan are as follows:

- Our examination system is very poor. Examination is not the name of sticking to the ability of students to apply rote, but the name of testing and testing their mental abilities.
- Unfortunately, education in Pakistan has been given less importance than other sectors. The budget allocated for education is very low.
- The education sector in Pakistan is facing a shortage of teachers.
- Students studying in most educational institutions of our country are deprived of basic facilities. There are problems like non-availability of clean drinking water, electricity transport, poor sanitary system and lack of hostels. These issues are a major obstacle in the way of students.
- Co-curricular activities such as sports, debates, mushairas, speeches, discussions and study tours are helpful in the moral training and personality building of students. Our educational institutions do not have adequate facilities for such co-curricular activities due to which many talented students are left behind in the race for life.

پاکستان کے اہم تعلیمی مسائل درج ذیل ہیں:

- ہمارا نظام امتحانات انتہائی ناقص ہے۔ امتحان طلبا کی رٹہ لگانے کی صلاحیت کو چیک کرنے کا نام نہیں بلکہ ان کی ذہنی صلاحیتوں کو جانچنے اور پرکھنے کا نام ہے۔
- بدقسمتی سے پاکستان میں تعلیم کو دیگر شعبوں کی نسبت کم اہمیت دی جاتی رہی ہے۔ تعلیم کے لئے مختص بجٹ بہت کم ہے۔
- پاکستان میں شعبہ تعلیم اساتذہ کی کمی کا شکار ہے۔
- ہمارے ملک کے اکثر تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے والے طلبا بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔ پینے کے صاف پانی کی عدم دستیابی، بجلی ٹرانسپورٹ، سینٹری کا ناقص نظام اور ہاسٹلوں کی کمی جیسے مسائل موجود ہیں۔ یہ مسائل طلبا کی راہ میں بڑی رکاوٹ ہیں۔
- ہم نصابی سرگرمیاں جیسا کہ کھیلیں، مباحثے، مشاعرے، تقاریر، مذاکرے اور مطالعاتی دورے وغیرہ طلبا کی اخلاقی تربیت اور ان کی شخصیت کی تعمیر میں مددگار ہوتے ہیں۔ ہمارے تعلیمی اداروں میں ایسی ہم نصابی سرگرمیوں کے لئے مناسب سہولیات موجود نہ ہیں جس کی وجہ سے کئی باصلاحیت طلبا زندگی کی دوڑ میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔

**What do you mean by co-curricular activities?**

Co-curricular activities refer to activities that are academic as well as other hobbies such as playing, discussions, mushairas, events and discussions and study tours, etc. All these activities help in the moral training and personality building of the students.

**ہم نصابی سرگرمیوں سے کیا مُراد ہے؟**

ہم نصابی سرگرمیوں سے مراد ایسی سرگرمیاں ہیں جو تعلیم کے ساتھ ساتھ دیگر مشاغل ہوں مثلاً کھیلنے، مباحث، مشاعرے، تقاریب اور مذاکرے اور مطالعاتی دورے وغیرہ۔ یہ تمام سرگرمیاں طلبہ کی اخلاقی تربیت اور ان کی شخصیت کی تعمیر میں مددگار ہوتی ہیں۔

**Write the names of any three Punjabi poets.**

**سوال268: کوئی سے تین پنجابی شعراء کے نام لکھیں۔**

The main poets of Punjabi language are as follows:

- Waris Shah
- Bulleh Shah
- Baba Farid Ganj Shakar
- Sultan Bahu

پنجابی زبان کے اہم شعراء درج ذیل ہیں:

- وارث شاہ
- بلھے شاہ
- بابا فرید گنج شکر
- سلطان باہو

**How can there be a balance between population and resources?**

**سوال269: آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کیسے قائم کیا جا سکتا ہے۔**

M QADIR RAFIQUE

A serious social problem in Pakistan is the rapid increase in population rate. In Pakistan, the increase .in resources is less than the increase in population The rate of population growth in Pakistan can be controlled by family planning schemes. Resources can be increased through trained people. We can strike a balance between population and resources if the rate of increase in the growing population and .the rate of economic growth are equal

پاکستان کا ایک گھمبیر معاشرتی مسئلہ آبادی کی شرح میں تیزی سے ہونے والا اضافہ ہے۔ پاکستان میں آبادی میں اضافے کی نسبت وسائل میں اضافہ کم ہے۔ پاکستان میں آبادی میں اضافے کی شرح کو خاندانی منصوبہ بندی سکیموں کے ذریعہ کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ تربیت یافتہ افراد کے ذریعے وسائل میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ ہم آبادی اور وسائل کے درمیان توازن اس صورت میں قائم کر سکتے ہیں جب بڑھتی ہوئی آبادی میں اضافے کی شرح اور معاشی ترقی کی شرح برابر ہو۔

# LONG QUESTIONS

## سوال نمبر4

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | Describe agricultural and industrial reforms enforced by Zulfiqar Ali Bhutto. | ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں کی جانے والی زرعی اور صنعتی اصلاحات بیان کریں۔ | 1 |
| 2 | Give a description of Economic Reforms of Mian Nawaz Sharif. | میاں محمد نواز شریف کی معاشی اصلاحات کے اثرات بیان کریں۔ | 2 |
| 3 | Write some salient features of 1973 Constitution of Pakistan. | دستورِ پاکستان 1973ء کے چند اہم نکات بیان کریں۔ | 3 |
| 4 | State the main objectives of Pakistan's foreign policy. | پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی مقاصد بیان کریں۔ | 4 |
| 5 | Discuss the Reforms during Imran Khan's Government. | عمران خان کے دور میں کی جانے والی اصلاحات بیان کریں۔ | 5 |
| 6 | Discuss the Reforms during General Zia-ul-Haq's Government. | جنرل محمد ضیاء الحق کے دور میں کی جانے والی اصلاحات بیان کریں۔ | 6 |

## سوال نمبر5

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | Give a brief description of Economic Growth in the seventh decade from 2008 to 2018. | ساتویں عشرے 2008ء سے 2018ء تک معاشی ترقی کا جائزہ پیش کریں۔ | 1 |
| 2 | Discuss the problems faced by agriculture? Give suggestions to solve these problems. | ملکی زراعت کو درپیش مسائل اور ان کے حل پر بحث کریں۔ | 2 |
| 3 | Discuss the role of agriculture in the economy of Pakistan. | پاکستان کی معیشت میں زراعت کے کردار پر بحث کیجیے۔ | 3 |
| 4 | Describe the Dams, Barrages and Canals on River Indus. | دریائے سندھ پر قائم ڈیموں، بیراجوں اور انہار کی تفصیل بیان کریں۔ | 4 |
| 5 | How can poverty be decreased by promoting small industries? | پاکستان میں چھوٹی صنعت کو فروغ دے کر غربت میں کیسے کمی لائی جا سکتی ہے؟ | 5 |
| 6 | Suggest ways to increase energy resources in the country. | توانائی کے وسائل کو بڑھانے کے لیے تجاویز پیش کریں۔ | 6 |
| 7 | Elaborate the four sources of energy in Pakistan and discuss their importance. | پاکستان میں توانائی کے چار وسائل اور ان کی اہمیت واضح کیجیے۔ | 7 |
| 8 | Write the importance of the seaports and dry-ports of Pakistan. | پاکستان کی بندرگاہوں اور خشک گودیوں کی اہمیت بیان کیجیے۔ | 8 |

## سوال نمبر6

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | Describe Pakistan's Relations with Turkey. | نوٹ لکھیں۔ (الف) پاکستان کے ترکی کے ساتھ تعلقات بیان کریں۔ | 1 |

M QADIR RAFIQUE

| | | | |
|---|---|---|---|
| | Describe Pakistan-USA relations. | نوٹ لکھیں۔ (ب) پاکستان اور امریکہ کے تعلقات بیان کریں۔ | |
| 2 | Write a note on: Pakistan and Afghanistan Relationship. | نوٹ لکھیں۔ (الف) پاکستان اور افغانستان کے تعلقات پر نوٹ لکھیں۔ | 2 |
| | Pakistan's Contribution towards Peace Keeping in the World. | نوٹ لکھیں۔ (ب) دنیا میں قیامِ امن کے لیے پاکستان کے کردار پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ | |
| 3 | Main objectives of Pakistan's foreign policy. | نوٹ لکھیں۔ (الف) پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی مقاصد۔ | 3 |
| | Write a note on: Punjabi language. | نوٹ لکھیں۔ (ب) پنجابی زبان پر نوٹ لکھیں۔ | |
| 4 | What is the significance of tourism in Pakistan? | نوٹ لکھیں۔ (الف) پاکستان میں سیاحت کی اہمیت بیان کریں۔ | 4 |
| | Pakistan's Educational structure. | نوٹ لکھیں۔ (ب) پاکستان کا تعلیمی ڈھانچہ۔ | |

M QADIR RAFIQUE